

## آدھا۔آدھا



- اگر بلیاں آپ سے چپاتی کو برابری کے ساتھ بانٹنے کو کہیں تو آپ اسے کیسے بانٹیں گے؟

اگر آپ ٹٹو کی طرح دھوکا نہیں دیں گے تو بلیوں کو یہ حصے ملیں گے۔




## آدھا کا آدھا

- اگر دو اور بلیاں کھانے کے لیے آتی ہیں، آپ کس طرح سے ایک چپاتی کو چار بلیوں میں برابر تقسیم کریں گے۔




## کئی ٹکڑوں کا آدھا




رانی کو چاکلیٹ ملی۔ اس نے اسے دو برابر حصوں میں تقسیم کیا اور آدھا اپنی سہیلی رینا کو دیا۔

- جو حصہ رینا کو ملا اس کو دائرہ میں کھینچیے۔


© NCERT not to be republished

# 9 آدھے اور چوتھائی (Halves and Quarters)

منٹو بلی اور مٹّو بلی ایک دوسرے کی دوست تھیں۔ ایک بار انھوں نے مالینی کے باورچی خانہ سے روٹی چرائی۔ منٹو بولی۔ میں اسے لوں گی۔نہیں، میں اسے لوں گی۔مٹو نے کہا۔ جب وہ دونوں جھگڑ رہی تھیں، وہاں ٹٹو بندر آیا۔ ارے! مسئلہ کیا ہے؟ تم لوگ کیوں جھگڑ رہی ہو؟...... اس نے پوچھا۔ بلّی بولی ''ہم لوگ نہیں جانتے کہ یہ چپاتی آپس میں کیسے بانٹیں''۔ ٹھیک ہے! فکر مت کرو۔ میں یہ چپاتی تم دونوں میں برابر تقسیم کر دوں گا۔ وہ بولا۔ چالاک ٹٹو نے چپاتی کو اس طرح سے تقسیم کر دیا:




یہ دونوں برابر نہیں ہیں، بایاں والا حصہ بڑا ہے۔منٹو اور مٹو بولیں۔ اوہو، کوئی مسئلہ نہیں، میں اسے برابر کر دوں گا۔ٹٹو نے کہا۔ پھر اس نے بائیں والے ٹکڑے کا ایک حصہ کاٹ کر کھالیا۔




ارے! اب دایاں حصہ بڑا ہے۔ بلیاں چلائیں۔ مجھ سے غلطی ہوگئی۔ٹٹو بولا۔ اس نے بڑے ٹکڑے کا ایک حصہ کاٹ کر کھالیا۔ جب صرف ایک چھوٹا ٹکڑا بچا رہ گیا۔ وہ بولا۔ یہ کام کے بدلے میرا حصہ ہے۔ پھر ٹٹو نے تیزی کے ساتھ آخری ٹکڑا کھالیا اور پیڑ پر چڑھ گیا۔


کتنے مختلف طریقوں سے آپ ایک مستطیل کو آدھے میں کاٹ سکتے ہیں؟

✤ 5 مختلف طریقے بتائیے۔




کیا آپ جانچ کرسکتے ہیں کہ یہ سبھی برابر ہیں یا نہیں؟

## چوتھائی بتانے کے کئی طریقے




✤ کتنے مختلف طریقوں سے آپ ایک مستطیل کو چار برابر حصوں میں بانٹ سکتے ہیں۔ 5 مختلف طریقے بتائیے۔



کیا آپ جانچ سکتے ہیں کہ یہ برابر ہیں یا نہیں؟

© NCERT not to be republished

چاکلیٹ کے کل کتنے ٹکڑے ہیں؟__________

رانی کے پاس کتنے ٹکڑے بچے؟__________





## آدھی شیٹ سے کئی شکلیں


کاغذ کا ایک ٹکڑا لیجیے۔ شیٹ کو دو برابر مثلث میں اس طرح کاٹیے کہ ہر مثلث آدھی شیٹ کے برابر ہے۔

دونوں مثلث کو دو مختلف رنگوں سے رنگیے۔

- ان مثلثوں کا استعمال کر کے مختلف شکلیں کھینچیے۔ اس طرح کی ایک شکل یہاں دکھائی گئی ہے۔



## آدھے میں کاٹنے کے کئی طریقے




© NCERT not to be republished

## لالچی کندو

کندو ایک لالچی شخص ہے۔ جب کبھی وہ بازار جاتا، وہ زیادہ سے زیادہ حاصل کرنا چاہتا ہے لیکن زیادہ روپیہ خرچ نہیں کرنا چاہتا۔

ایک دن وہ کدو کا حلوا (مٹھائی) کھانا چاہتا ہے۔ وہ ایک بڑا کدو صرف 10 روپیہ میں خریدنے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ پہلے کدو بیچنے والے سے ایک بڑے کدو کی قیمت پوچھتا ہے۔

پہلا کدو بیچنے والا...... اس کدو کا $\frac{1}{4}$، 10 روپیہ کا ہے۔

✤ اس پورے کدو کی قیمت کیا ہوگی؟ ____________

کندو— ارے 10 روپیہ میں، تمہیں اس کدو کا $\frac{1}{2}$ دینا چاہیے

پہلا کدو بیچنے والا۔ تب تم اگلے دُکاندار کے پاس جاؤ، وہ اس قسم کے بڑے کدو کا $\frac{1}{2}$، 10 روپیہ میں دے سکتا ہے۔ میں صرف اچھے قسم کا کدو رکھتا ہوں۔



کندو اگلی دُکان پر جاتا ہے اور اسی سائز کا کدو تلاش کرتا ہے۔


کندو— اس کدو کا کتنا مجھے 10 روپیہ میں ملے گا؟


دوسرا کدو بیچنے والا— آدھا۔

✤ اس مکمل کدو کی قیمت ہوگی؟ ________ روپے

## کیک کاٹنا


رجنی کے والد ایک کیک لائے۔ اس نے کیک کو چار برابر حصوں میں تقسیم کیا...... خود کے لیے، اپنے بھائی راجو کے لیے، اپنی ماں اور اپنے والد کے لیے۔





✤ ہر ایک حصہ کو مختلف رنگوں سے رنگیے۔


✤ ہر ایک کو کتنا حصہ ملتا ہے؟



✤ ماں کیک کا اپنا حصہ رجنی کو دے دیتی ہے۔ اب مکمل حصہ کو رنگیے جو رجنی کو ملے گا۔


✤ 4 حصوں میں سے رجنی کو ______ حصے ملیں گے، جو آدھے کیک کے برابر ہے۔

اس لیے وہ اسے $\frac{__}{4}$ یا $\frac{1}{2}$ لکھ سکتی ہے۔



رجنی کی ماں کے ذریعہ رجنی کو کیک دینے کے پہلے، اس کے پاس 'آدھے کیک' کا صرف $\frac{1}{2}$ تھا' جو مکمل کیک کا $\frac{1}{4}$ تھا۔

✤ راجو کو جو حصہ ملا اسے رنگیے۔




✤ رجنی اور راجو کو ملا کر کل کتنا کیک ملا؟ ان کے مکمل حصے کو رنگیے۔

سب ملا کر ان لوگوں کو 4 میں سے 3 حصے ملے، اس لیے ہم لوگ اسے $\frac{3}{4}$ لکھ سکتے ہیں۔


© NCERT not to be republished

## مشق کا وقت

a) مکمل کا کون سا حصہ رنگین ہے؟ ہر شکل کے نیچے لکھیے۔




b) شکل کے ان حصوں کو رنگیے جو ان کے نیچے لکھے ہوئے ہیں۔




c) آدھے میں کاٹیے

ایک خط کھینچیے جو ان شکلوں کو آدھے میں تقسیم کر دے۔



© NCERT not to be republished

کندو—اوہو! تم مجھے $\frac{3}{4}$ کیوں نہیں دیتے۔

دوسرا کدو بیچنے والا— بھاگو! جاؤ، اپنا کدو اس آدمی سے لو۔ وہ اتنی خراب سبزیاں بیچتا ہے کہ وہ تم کو اس سائز کا مکمل کدو 10 روپیہ میں دے دے گا۔

لالچی کندو دوسرے کدو بیچنے والے کے پاس چلا جاتا ہے۔ وہ اسی سائز کے کدو کو دیکھتا ہے اور پوچھتا ہے— کیا تم ہمیں یہ بڑا کدو 10 روپیہ میں دو گے؟



تیسرا کدو بیچنے والا — تم اس گھر کی چھت پر کیوں نہیں چڑھ جاتے؟ تم پودوں سے مفت میں کدو حاصل کر سکتے ہو!

کندو بہت خوش ہے۔ وہ اس گھر کی چھت پر چڑھتا ہے اور تب......................

## قیمت کی فہرست کا استعمال کرنا۔

| سامان | قیمت روپیہ میں (فی کلو گرام) |
|---|---|
| ٹماٹر | 8 |
| آلو | 12 |
| پیاز | 10 |
| گاجر | 16 |
| کدّو | 4 |




a) $\frac{1}{2}$ کلوگرام ٹماٹر کی قیمت کیا ہوگی؟

b) کس کی قیمت زیادہ ہوگی۔ $\frac{1}{2}$ کلوگرام پیاز یا $\frac{1}{4}$ کلوگرام گاجر؟

c) $\frac{3}{4}$ کلوگرام آلو کی قیمت کتنی ہوگی؟

d) کیرتی خریداری کرنے جا رہی ہے۔ اس کے پاس صرف 20 روپیہ ہیں۔ کیا وہ اپنی خریداری کی فہرست کا سارا سامان خرید سکتی ہے؟

e) قیمت کی فہرست سے دو سوالات آپ خود بنائیے۔


1۔

2۔


© NCERT not to be republished

g) دوسرا آدھا حصہ بنائیے.

تصویر کا آدھا حصہ یہاں کھینچا گیا ہے۔ کیا بقیہ آدھے حصہ کو کھینچ کر آپ اس تصویر کو مکمل کر سکتے ہیں؟



h) یہ ایک تصویر کا ایک چوتھائی حصہ ہے۔ کیا اسے آپ پورا کر سکتے ہیں؟ اسے پورا کرنے کے لیے آپ اس قسم کے اور کتنے چوتھائی بنائیں گے؟ ________



### ایک میٹر کا آدھا اور چوتھائی.


ایک میٹر پیمانہ کی مدد سے ایک میٹر کی ایک رسی کو کاٹیے۔

- اس رسّی پر، ½ میٹر، ¼ میٹر اور ¾ میٹر کی لمبائی پر نشان لگائیے۔
- رسی کا استعمال کر کے فرش پر ½ میٹر کا ایک خط کھینچیے۔ خط کتنے سینٹی میٹر لمبا ہے؟ ________





© NCERT not to be republished


d) نیچے دکھائی گئی شکلوں کی کل تعداد میں سے آدھے کو رنگیے۔



e) ان شکلوں کے ¼ کو رنگیے۔



f) رنگے ہوئے حصوں کو ملائیے جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔





© NCERT not to be republished

## وزن کو متوازن کیجیے۔





✤ دو پلڑوں کو برابر کرنے کے لیے اوپر دیے گئے وزنوں میں سے چنیے۔ آپ اسے کتنے طریقوں سے کر سکتے ہیں؟

a) خالی پلڑے میں وزن رکھیے۔




یاد رکھیے، 1 کلوگرام=1000 گرام

b) ¾ کلوگرام کے اس وزن کو آپ کتنے طریقوں سے متوازن بنا سکتے ہیں۔




1) ..................................

2) ..................................

3) ..................................

© NCERT not to be republished

اس لیے

½ میٹر= ...................... سینٹی میٹر

¼ میٹر= ...................... سینٹی میٹر

¾ میٹر= ...................... سینٹی میٹر

کیا آپ دیکھ سکتے ہیں کہ جب ہم لوگ ½ اور ¼ کو جوڑتے ہیں تو ہمیں ¾ حاصل ہوتا ہے؟

## دودھ کا بٹوارہ

یہ بوتل دودھ سے بھری ہے اور اس میں ایک لیٹر دودھ آتا ہے۔ دودھ کو دوسری 4 بوتلوں میں اس طرح ڈالیے کہ سبھی میں ¼ لیٹر دودھ آئے۔

- ہر بوتل میں دودھ کی سطح کو ظاہر کرنے کے لیے بوتلوں کو رنگیے۔



یاد رکھیے، 1 لیٹر =1000 ملی لیٹر

- ہر بوتل میں کتنے ملی لیٹر دودھ ہے؟____________

شان نے 1 لیٹر دودھ کو دو بوتلوں میں اس طرح ڈالا کہ ایک بوتل میں ¾ لیٹر اور دوسرے بوتل میں ¼ لیٹر دودھ آیا۔




- ہر بوتل میں دودھ کی سطح کو رنگیے۔


- ہر بوتل میں کتنے ملی لیٹر دودھ ہے؟

© NCERT not to be republished

## یہ غلط کیوں ہے؟

کنّن نے کچھ حصوں کو رنگا جیسا کہ دکھایا گیا ہے۔ لیکن اس کی دوست مینی نے کہا کہ یہ غلط ہے۔ وضاحت کیجیے کہ یہ غلط کیوں ہے؟




## مشق کا وقت

- 60 آم ہیں۔ ان میں سے ½ پکے ہیں۔ کل کتنے آم پکے ہیں۔
- کل 32 بچے ہیں ان میں سے ½ لڑکیاں ہیں۔ بتایئے کتنے لڑکے ہیں؟
- کل 20 ستارے ہیں ان میں سے ایک چوتھائی سرخ ہیں۔
  کتنے ستارے سرخ ہیں اور کتنے سرخ نہیں ہیں۔
- روی کو ایک پینسل چاہیے اس کی قیمت 2 روپیے ہے۔ وہ ایک روپیہ کا سکہ، آدھے روپیہ کا سکہ اور ایک چوتھائی کا سکہ دیتا ہے۔ کیا یہ کافی ہے؟





© NCERT not to be republished